۱۴۔ پروفیسر مختار احمد خاں — ڈپٹی سیکرٹری

☆ مجلس عاملہ ☆

پروفیسر طلحہ عمر	پروفیسر عبدالرشید جوکھیو
پروفیسر عبدالواسع بھٹو	پروفیسر مفتی نعیم الدین
پروفیسر عبدالقیوم جلالانی	پروفیسر محمد عمار خان
پروفیسر نصرت جہاں	پروفیسر گلشن آراء
پروفیسر عامر حسن	پروفیسر شائستہ سلطانہ
پروفیسر حسنہ بانو	پروفیسر محمد رضوان
پروفیسر حفیظ الرحمٰن (عربی)	

☆ اعزازی ممبران ☆

پروفیسر ڈاکٹر عبدالعزیز (ہمدرد یونیورسٹی)	پروفیسر ڈاکٹر ثناء اللہ بھٹو (سندھ یونیورسٹی)
پروفیسر ڈاکٹر قاری بدرالدین (اردو یونیورسٹی)	پروفیسر ڈاکٹر عبدالوحید (سکھر)
پروفیسر ڈاکٹر محمد ادریس آزاد (لاڑکانہ)	پروفیسر ڈاکٹر محمد روشن صدیقی (حیدرآباد)
پروفیسر ڈاکٹر سیف الرحمٰن آرائیں (حیدرآباد)	پروفیسر ریاض الدین ربانی (مشیر انجمن)

نئے انتخابات ۱۳-۲۰۱۲ء

انجمن کے زیر اہتمام نئے انتخابات ۱۳-۲۰۱۲ء، انشاء اللہ اگست ۲۰۱۲ء کے آخری ہفتہ میں منعقد ہوں گے

تجاویز برائے وفاقی وصوبائی وزارت مذہبی امور

تجاویز: پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی

(پرنسپل: قائد ملت گورنمنٹ ڈگری، کالج قاسم آباد، لیاقت آباد)

دنیا کے بیشتر مسلم ممالک میں وزارت مذہبی امور اور اوقاف ایک ہی وزارت ہیں۔ بالخصوص سعودی عرب اور مصر میں اسی طرح چاروں صوبوں میں ہونا چاہئے، اور اس وزارت کی ذمہ داری ہوتی ہے۔

☆ اوقاف کے بہتر استعمال پر توجہ دے اور تجاویز پیش کرے۔

☆ تمام مذاہب کی عبادت گاہوں کو بہتر سے بہتر بنانے اور خصوصی مواقع وایام پر خصوصی تقریبات کا اہتمام کرے۔

☆ تمام عبادت گاہوں کے ساتھ کمیونٹی کی مذہبی و معاشرتی ضروریات کی تکمیل کے لئے ''کمیونٹی سینٹر'' قائم کرے جہاں عقیقہ، نکاح، مذہبی لیکچرز و دیگر مذہبی و معاشرتی تقریبات کا (بلا معاوضہ یا معمولی معاوضہ) پر انعقاد ہو سکے۔

☆ تمام آئمہ، پادری و پنڈت کی تقرری وزارت مذہبی امور کا سلیکشن بورڈ کرے اور سلیکشن کے لئے تعلیم و تجربہ (تدریس، امامت، تصانیف، لیکچرز) کو بنیاد بنایا جائے۔

☆ مسجد، کنیسہ و مندر کے لئے دو قسم کی شخصیات کا انتخاب کیا جائے ایک خطیب (اسپیکر) دوسرا مذہبی امور کی ادائیگی کا ذمہ دار۔

☆ خطیب کے لئے وسیع المطالعہ، وسیع النظر، تجربہ کار، عربی و علاقائی زبان پر دسترس قرآن کریم اور قدیم و جدید علوم سے واقفیت لازمی قرار دی جائے۔

☆ خطیب کے لئے ۱۷ اسلیکشن گریڈ، امام کے لئے ۱۶ اسلیکشن گریڈ دیا جائے، ہر ضلع خطیب کا سلیکشن گریڈ ۱۸ ہونا چاہئے۔

☆ ہر مزار کے ساتھ رفاہی و تعلیمی ادارہ قائم کیا جائے، جسے مزار کی آمدنی اور وزارت کی مالی امداد کے ذریعہ چلایا جائے۔

☆ رفاہی خدمات میں مفت کھانا، علاج ولباس کی فراہمی شامل ہے، تعلیم اقراء اسکولوں کی طرز پر مذہبی و عصری تعلیم پر مشتمل ہو (اقراء سسٹم کے ذمہ داروں سے بھی معاونت مل سکتی ہے)۔

☆ وزارت اپنے منتخب خطیبوں کے ذریعہ مختلف خصوصی ایام وعہد حاضر کے مسائل کی مناسبت سے جمعہ کا رہنما خطاب مدلل حوالوں کے ساتھ ''ادارہ تحقیقات اسلامی'' کے زیر اہتمام تیار کرا کے تمام آئمہ کو ارسال کروائے، جس کی مدد سے وہ خطاب کر سکیں۔

☆ وزارت ادارہ تحقیقات اسلامی قائم کرے، جس کی اپنی عمارت ہو اور اس میں انٹرنیٹ، کمپیوٹر لیب، اسلامی لائبریری، آڈیو ویڈیو کی سہولت آڈیٹوریم، اور رہائشی ہاسٹل ہو۔

☆ تمام خطیب و آئمہ کو کمپیوٹر اور ویب سائٹس کے استعمال کی ٹریننگ دی جائے۔ اس کے ساتھ انگریزی سکھانے، فن خطابت، مطالعہ سیرت طیبہ ﷺ کا اہتمام کیا جائے۔

☆ وزارت کی جانب سے ماہنامہ مجلہ ''تحقیقات اسلامی'' جاری کیا جائے، جس میں وزارت کے

پروگرامز اان کی روداد اور خطبات کیلئے رہنما خطاب شائع کئے جائیں اور وزارت کے ماتحت تمام اداروں کو مفت ارسال کیا جائے۔

☆ وزارت ادارہ تحقیقات اسلامی کے زیر اہتمام خصوصی موضوعات پر یونیورسٹی کے پروفیسرز اور نامور علماء و مہتممین مدرسہ کے لیکچرز منعقد کرائے اور انہیں شائع کرے۔

☆ وزارت قرآن کی پروف ریڈنگ اور صحت کے ساتھ طباعت کا اہتمام کرے، اسی طرح کتب احادیث و سیرت شائع کی جائیں۔

☆ وزارت صوبائی سطح پر ہر سال **"صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس و مقابلہ حسن قرأت و کتب سیرت النبی ﷺ"** کا اہتمام کرے۔

☆ وفاقی وزارت ہر سال عالمی سیرت النبی ﷺ کانفرنس منعقد کرے اور دنیا بھر سے اہل علم کو مدعو کرے۔

☆ غیر مسلموں کے لئے قومی و عالمی زبانوں میں لٹریچر شائع کیا جائے۔

☆ تمام لٹریچر پر علماء کی جائزہ کمیٹی بنائی جائے تا کہ فرقہ واریت کا خاتمہ ہو۔

☆ دینی مدارس کے فروغ التحصیل علماء کے لئے تدریب الأئمة یا تدریب الدعاۃ کے نام سے ایک سال کا تربیتی کورس ہو۔ اسی طرح ایسے علماء کو سعودی عرب اور جامعہ ازہر تربیت کے لئے بھیجا جائے۔

گوشہ علوم اسلامیہ انٹرنیشنل

علوم اسلامیہ انٹرنیشنل نمبر پر ۱۳-۱۴ جنوری تا دسمبر ۲۰۱۱ء پر ارباب علم و دانش کے تاثرات

علامہ ابوعمار زاہد الراشدی: ڈائریکٹر اشریعہ اکادمی ہاشمی کالونی کنگنی والا گوجرانوالہ

"مجلہ علوم اسلامیہ انٹرنیشنل" کا مذکورہ شمارہ میری نظر سے گزرا ہے، نئی نسل کو آج کے اسلوب میں اسلامی تعلیمات سے متعارف کرانے اور ارباب فکر و دانش کے درمیان علمی و فکری روابط کے لئے ایک اچھی کوشش ہے اور اس سے یقیناً مثبت نتائج سامنے آئیں گے۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد ادریس "آزاد" سومرو: ایسوسی ایٹ پروفیسر و صدر شعبہ اسلامیات

سیرت النبی ﷺ نمبر بحوالہ "مقاصد بعثت نبوی ﷺ" کا مجلہ معیاری ہے اور وقت کی